سوال

(552) رفع الیدین کی حدیث پر عمل نہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں رفع یدین کے ساتھ نماز پڑھتا ہوں کیونکہ میں نے خود صحیح بخاری میں پڑھا ہے مگر کیا وجہ ہے کہ لوگ صحیح بخاری شریف کی احادیث پر عمل نہیں کرتے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح احادیث پر عمل کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ تارکینِ سنت نبوی کو غور کرنا چاہیے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ضد اور عناد کی وجہ سے نمازیں ا کے ہاں قبولیت نہ حاصل کر سکیں۔ بلکہ بذاتِ خود مطالعہ کرکے زندگی کو کتاب و سنت کے مطابق ڈھالنا چاہیے۔

یہ بات معروف ہے کہ جن بعض روایات سے ان لوگوں کا استدلال ہے۔ وہ ناقابلِ حجت ہیں۔ ہماری بات کی تصدیق کے لیے کتاب ''التحقیق الراسخ'' اور ''جزء رفع الیدین'' امام بخاری کو غور وتدبر سے پڑھیں۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:480

محدث فتویٰ